حکم الذکر بالجہر | مؤلفہ : محمد سرفراز خان صفدر ۔ ناشر : ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرت العلوم متصل گھنٹہ گھر ۔ گوجرانوالہ ۔ طباعت : عمدہ ۔ صفحات : ۳۴۰ ۔ قیمت : -/۶ روپیہ ۔

محمد سرفراز خان صفدر صاحب نے اپنی تالیف "راہ سنت" میں "ذکر بالجہر" کے بارے میں لکھا تھا کہ جہاں شرعاً بلند آواز سے ذکر ثابت نہیں ہے ۔ وہاں ذکر بالجہر مکروہ اور بدعت ہے ۔ فرض نماز دل کے بعد اور جنازہ کے ساتھ ہمارے معاشرہ میں جو ذکر کیا جاتا ہے ۔ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے ثابت نہیں ہے ۔

ذکر بالجہر کے جواز میں بریلوی مسلک کے عالم سعیدی صاحب نے ایک کتاب لکھی اور سرفراز صاحب کی تردید کی کوشش کی ۔ زیر تبصرہ کتاب سعیدی صاحب کے دلائل کا جواب ہے ، اور سرفراز صاحب نے اپنا نقطۂ نظر قرآن و سنت اور آراء فقہاء کی روشنی میں بدلائل پیش کیا ہے ۔ انداز بیان میں مناظرانہ جھلک پائی جاتی ہے ۔

علامہ اقبال اور ہم | مؤلفہ ڈاکٹر اسرار احمد ۔ ناشر : مرکزی انجمن خدام القرآن ۔ ۱۲ افغانی روڈ ، سمن آباد ۔ لاہور ۔ صفحات : ۴۰ ۔ کتابت و طباعت : عمدہ قیمت : ڈیڑھ روپیہ ۔

"علامہ اقبال اور ہم" ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی ایک تقریر ہے ۔ جس میں انہوں نے اقبال کی مختلف حیثیتوں مصور پاکستان ، قافلہ ملی کا حدی خوان ، رومی ثانی اور اقبال اور قرآن پر اقبال کے حوالے سے فکر انگیز گفتگو کی ہے ۔ ضمیمہ میں فارسی اشعار کا آسان اردو ترجمہ درج کیا گیا ہے ۔

مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق اور علامہ اقبال | مؤلفہ : سید نذیر نیازی ۔ ناشر : مرکزی انجمن خدام القرآن ۱۲ ۔ افغانی روڈ ۔ لاہور ۔ صفحات : ۱۶ ۔ طباعت : عمدہ ۔ قیمت : درج نہیں ۔

مجلس اقبال کے ساغر کش سید نذیر نیازی نے علامہ اقبال کے قرآن سے شغف اور ان کی فکر میں مقام قرآن پر عمدہ کتابچہ لکھا ہے ۔

الحق میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں